© rasailojaraid.com

نہایت سلجھے ہوئے انداز میں پیش کی گئی ہیں کہ کسی اور جگہ اِس کی نظیر نہیں ملتی۔ (ص ۳۲۸)

مسئلہَ جہاد کے بارے میں مستشرقین نے بڑی غلط فہمیاں پھیلائی ہیں اور "معذرت خواہ" مسلمانوں نے ان غلط فہمیوں کو دور کرنے کی کوشش میں مزید الجھنیں پیدا کی ہیں۔ سیّد ابوالاعلیٰ مودودی کی "الجہاد فی الاسلام" مسئلہ جہاد پر ایک کتاب ہے، مولانا ہاشمی کے الفاظ میں

> اسلام میں جہاد کے مقاصد و احکام کیا ہیں؟ اِس موضوع پر اس سے بہتر کتاب میں نے نہیں دیکھی۔ میں نے اِسے ایک بار اپنی طالب علمی کے زمانہ میں پڑھا تھا اور دوسری بار اب بڑھاپے میں پڑھا۔ بڑی مفید اور صحیح معلومات بڑے ادیبانہ انداز میں پیش کی گئی ہیں۔ (ص ۳۲۸ - ۳۲۹)

زیرِ تبصرہ کتاب بہت دلچسپ ہے مگر کتابت کی تصحیح پورے طور پر نہیں ہوسکی۔ اشعار غلط درج ہوگئے ہیں۔ بعض کتابوں اور اشخاص کے نام درست نہیں حتیٰ کہ مولانا لطافت الرحمٰن سواتی کو جن کا مقالہ شاملِ کتاب ہے، مولانا لطف الرحمٰن سواتی (ص ۲۸۷) لکھ دیا گیا ہے۔ کہیں کہیں جگہ خالی رہ گئی ہے اور یوں بعض جملوں کا مطلب غتر بود ہو کر رہ گیا ہے۔ مؤتمر المصنّفین کے کارپردازوں سے گزارش ہے کہ تصنیف و تالیف کے ساتھ ترتیب و اشاعت بھی اعلیٰ معیار کی متقاضی ہے۔ (ادارہ)

---

## قرآن کریم لازوال معجزہ ہے۔

مسلم - مسیحی مناظرہ سے دلچسپی رکھنے والوں میں جناب محمد اسلم رانا کا نام محتاجِ تعارف نہیں۔ اس موضوع پر اُن کے قلم سے چھوٹے بڑے ۲۶ پمفلٹ شائع ہو چکے ہیں۔ زیرِ نظر مجموعہَ مضامین نسبتاً طویل ترمطالعہ ہے جِس میں اُنہوں نے قرآن مجید کے بارے میں اٹھائے گئے بعض مسیحی اعتراضات کو رد کرنے کے ساتھ ثابت کیا ہے کہ قرآن مجید زندہ اور دائمی معجزہ ہے۔ اسلام اللہ تعالیٰ کا پسندیدہ دین ہے اور اُخروی نجات قرآن مجید پر ایمان لانے پر منحصر ہے۔

۱۶ صفحات پر محیط زیرِ تبصرہ تالیف اسلامی مشن، سنت نگر - لاہور نے کمپیوٹر کی کتابت میں شائع کی ہے اور پندرہ روپے اس کی قیمت ہے۔ (ادارہ)



© rasailojaraid.com